| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (تیرھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ذ' کی پہچان کرسکیں اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف ا، آ، ب، پ، ت، ٹ، ث، ج، چ، ح، خ، د اور ڈ کا تلفظ آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ذ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔ اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ذ' ہے۔ یہ حروف تہجی کا چودھواں حرف ہے اور یہ 'ذ' کے خاندان کا آخری حرف ہے۔ بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ذ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ اور حرف 'ذ' کے ذخیرہ الفاظ (ذخیرہ، ذرات) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو 'ذ' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ذ' سے زیادہ الفاظ نہیں بنتے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 84 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حرف 'ذ' پر انگلی پھیرنے اور صوتی آواز بتانے کو کہا جائے گا۔ صفحہ 85 پر 'ذ' کے الفاظ بتائے جائیں گے۔ بچوں کو Salt Tray پر حرف 'ذ' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے پوچھا جائے کہ حرف 'ذ' پر کتنے نقطے ہوتے ہیں اس کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>حرف اور اشیاء<br>Salt Tray<br>کتاب صفحہ<br>85,84 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ذ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ذ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (تیرھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف ’ذ‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ذ‘ کی پہچان کرسکیں اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو حرف ’ذ‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے پہیلی پوچھی جائے گی۔ میں ’ذ‘ کے خاندان کا دوسرا حرف ہوں میرے سر پہ ہے ٹوپی۔ میں ہوں کون میں ’ذ‘ کے خاندان کا تیسرا حرف ہوں۔ میرے سر پر ہے ایک نقطہ میں ہوں کون؟<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب 86 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ’ذ‘ پر لکھے حرف ’ذ‘ کے گرد دائرہ لگانے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ 88 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ’ذ‘ سے شروع ہونے والی تصاویر میں رنگ بھرنے اور ’ذ‘ کو نقطوں کی مدد سے مکمل کرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ذرات اور ذخیرہ کی ابتدائی آواز پوچھیے۔<br>**ہوم ورک:**<br>کتاب صفحہ 87 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 86،88 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف ’ذ‘ کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ذ‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (تیرھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ذ' کی پہچان کر سکیں اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ذ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ذ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ذ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'ذ' کی کہانی سنیں گے۔ آج ذونیا کی امی نے نئی میٹھی ڈش بنائی ذونیا نے امی کو کہا کہ اس کا ذائقہ بہت اچھا ہے۔ اُس کی امی نے اُس کو کہا کہ شور میں چینی کا ذخیرہ پڑا ہے وہاں سے چینی لے آؤ۔ اور دھیان سے چینی کے ذرات نیچے نہ گریں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ذ' کے کٹ آؤٹ دیئے جائیں گے۔ بچوں کو نقطوں اور 'ط' کا کٹ آؤٹ دیا جائے گا۔ اور کہا جائے گا کہ 'ذ' کے اوپر نقطہ آتا ہے یا ط بچوں سے 'ذ' کی صوتی آواز بنانے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ 89 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ذ' پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ 89<br>سادہ کاغذ کٹ آؤٹ دکا کٹ آؤٹ ط | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر بچوں سے 'ذ' کے اوپر مارکر پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (تیرھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ذ' کی پہچان کر سکیں اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ذ' کا تلفظ اُس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔حرف 'ذ' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا۔اس میں 'ذ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کون سا حرف سیکھ رہے ہیں 'ذ' کے اوپر کتنے نقطے آتے ہیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو ٹوکریاں دی جائے گی۔جس میں حرف 'ڈ' اور 'ذ' لکھا ہوگا۔اور ساتھ میں سبز اور پیلے رنگ کے گیند فراہم کیے جائیں گے۔اور انھیں کہا جائے گا کہ وہ سبز بال حرف 'ڈ' کی ٹوکری میں ڈالیں اور پیلے گیند حرف 'ذ' کی ٹوکری میں ڈالیں۔بچوں سے کاپی پر 'ذ' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر 'ذ' پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ<br><br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br><br>5 منٹ | ٹوکریاں۔2 گیندیں: پیلے/سبز حرف ڈ،ذ فلیش کارڈز<br><br><br>کاپی ورک | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف 'ذ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ذ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (تیرھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'د تا ذ' کی پہچان ان کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ا تا ذ' فلیش کارڈز دکھا کر اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3 منٹ | فلیش کارڈز | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ذ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ذ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف 'د تا ذ' کی دہرائی کریں گے۔ باری باری حروف فلیش کارڈز دکھا کر حرف کا نام اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پانچ پانچ کے گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر گروپ کو ایک حرف 'د تا ذ' دیا جائے گا۔ اور اشیاء کے فلیش کارڈز ٹوکری میں دیے جائیں گے۔ ہر گروپ دیئے جانے والے حرف کی اشیاء فلیش کارڈز تلاش کرے گا<br>بچوں کو کتاب صفحہ 90 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حروف کو پہچان کر تصاویر سے ملانے اور رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ | 30 منٹ | کاپی | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'د، ڈ، ذ' کو ہوا میں لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر حرف 'ذ' پر پنسل پھیریے۔ کتاب صفحہ 91 کیجئے۔ | 2 منٹ | | |